Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu : II Semester Examination, August 2021

Paper : MAUR203DST : Allama Iqbal

پرچہ : علامہ اقبال

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1) اقبال کے بچپن اور ابتدائی تعلیم کے بارے میں اظہارِ خیال کیجیے۔

2) اقبال کی شاعری میں خودی سے کیا مراد ہے؟ لکھیے۔

3) اقبال کی اعلیٰ تعلیم کا حال بیان کیجیے۔

4) اقبال کے تصورِ عشق پر نوٹ لکھیے۔

5) اقبال کی نظم نگاری پر اظہارِ خیال کیجیے۔

6) بالِ جبریل کے پیشِ نظر اقبال کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

7) خطوط کے حوالے سے اقبال کی نثر نگاری کا جائزہ لیجیے۔

8) اقبال کے خطبات پر روشنی ڈالیے؟

9) اقبال کی معاشی مصروفیات کیا تھیں؟ لکھیے۔

10) ان اشعار کی تشریح کیجیے۔

قناعت نہ کر عالمِ رنگ و بو پر چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

حصہ دوم

11) اقبال کی شاعری کے مختلف ادوار پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔

12) اقبال کی قومی و وطنی شاعری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

13) نظم ''خضرِ راہ'' کے مرکزی خیال پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

14) اقبال کی نظم ''مسجدِ قرطبہ'' کی فنی خوبیوں کی وضاحت کیجیے۔

15) نظم'' ہندوستانی بچوں کا قومی گیت'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

☆☆☆